SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ ۲۰۱۰

SINDH ACT NO.X OF 2010

سندھ ہائی ڈینسٹی ڈولپمنٹ بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰

THE SINDH HIGH DENSITY DEVELOPMENT BOARD ACT, 2010

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان، شروعات اور اضافہ

Short title, Commencement and Extend

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ بورڈ کی تشکیل

Constitution of Board

۴۔ ہائی ڈینسٹی زونس کی پہچان

Identification of High Density Zones

۵۔ قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ ۲۰۱۰

SINDH ACT NO.X OF 2010

سندھ ہائی ڈینسٹی ڈولپمنٹ بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰

THE SINDH HIGH DENSITY DEVELOPMENT BOARD ACT, 2010

[۲۴ جون ۲۰۱۰]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے گھنی آبادیوں کی ترقی کے لیئے بورڈ قائم کیا جائے گا تا کہ صوبہ کے شہری علاقوں کی گھنی آبادیوں والے مراکز میں مربوط ترقی ہو سکے۔

جیسا کہ گھنی آبادیوں کی ترقی کے لیئے بورڈ قائم کیا جائے گا تا کہ صوبہ کے شہری علاقوں کی گھنی آبادیوں والے مراکز میں مربوط ترقی اور اس سے متعلقہ معاملات کے لیئے اقدام اٹھانہ مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان، شروعات اور اضافہ
Short title, Commencement and Extend

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ ہائی ڈینسٹی ڈولپمنٹ بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ کہا جائے گا۔

(۲)اس کی تمام سندھ تک توثیق کی جائے گی۔

(۳)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(i) "بورڈ" مطلب اس ایکٹ کے تحت صوبہ کے شہروں کے لیئے تشکیل دیا گیا ہائی ڈینسٹی ڈولپمنٹ بورڈ؛

(ii) "بلڈنگ کنٹرول ڈپارٹمنٹ" مطلب ایک بلڈنگ کنٹرول ڈپارٹمنٹ یا سندھ بلڈنگ کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۷۹ کے تحت قائم کردہ محکمہ، جو درخواستوں پر عمل کرے اور دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ بورڈ کی رہنمائی میں اسکیموں اور پروجیکٹس کے منصوبوں کی منظوری دے؛

بورڈ کی تشکیل

(iii) "حکومت" مطلب حکومت سندھ؛

(iv) "ہائی ڈینسٹی زونس" مطلب صوبہ کے اندر شہری مراکز میں بڑی عمارتوں کی تعمیر کے لیئے اس ایکٹ کے تحت ہائی ڈینسٹی ڈولپمنٹ بورڈ کی طرف سے بیان کردہ علاقہ؛

(v) "میمبر" مطلب دفعہ ۳ کے تحت بورڈ کا مقرر کردہ میمبر؛

(vi) "بیان کردہ" مطلب قواعد کے تحت بیان کردہ؛ اور

(vii) "قواعد" مطلب اس ایکٹ کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد۔

Constitution of Board

۳۔حکومت اس ایکٹ کے تحت صوبہ کے شہروں کے لیئے ایک بورڈ تشکیل دے گی، جو مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگا:

(i) گورنر سندھ	چیئرمین
(ii) وزیراعلیٰ سندھ	کو چیئرمین
(iii) لوکل گورنمنٹ اور ہاؤسنگ ٹاؤن پلاننگ ڈپارٹمنٹ کا وزیر	میمبر
(iv) چیف سیکریٹری سندھ	میمبر
(v) سیکریٹر لوکل گورنمنٹ ہاؤسنگ	میمبر
(vi) متعلقہ ضلعہ ناظم	میمبر
(vii) متعلقہ ضلعہ کا چیف کنٹرولر آف بلڈنگس یا ہیڈ آف بلڈنگ کنٹرول، جیسے معاملہ ہو۔	میمبر/سیکریٹری
(viii) متعلقہ ضلعہ کا ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر، ایم پی جی او یا ہیڈ آف ماسٹر پلان، جیسے معاملہ ہو۔	میمبر

ہائی ڈینسٹی زونس کی پہچان

Identification of High Density Zones

قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۴۔بورڈ ماسٹر پلان کے عام اصولوں کی روشنی میں یوٹیلٹی ایجنسیز سے مشاورت کے بعد صوبہ کے شہروں کے شہری مراکز میں ہائی ڈینسٹی زونس کی نشاندہی کرے گا اور قواعد بنا سکتا ہے۔

۵۔حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا